پریس ریلیز

دی بینک آف پنجاب اور اسپیشل ٹیلنٹ ایکسچینج پروگرام (سٹیپ) کے درمیان معاہدہ

دی بینک آف پنجاب نے اپنے ویژن اور حکمت عملی کے مطابق خصوصی افراد کی ضروریات کے مدنظر اوران کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کیلئے ان کواداروں میں شامل کرنے کا حامی ہے۔اس حکمت عملی کے تحت جس کا مقصد خصوصی افراد کو بااختیار بنا کر مرکزی دھارے میں شامل کرنا اور معاشرے کوان افراد کے متعلق شعور وآگہی فراہم کرنا ہے۔ دی بینک آف پنجاب نے خصوصی افراد کی تخلیق اور قائم کردہ تنظیم اسپیشل ٹیلنٹ ایکسچینج پروگرام (سٹیپ) کے ساتھ باہمی یاداشت پر دستخط کیے۔تقریب کا انعقاد 28 دسمبر 2020 کو نیشنل لائبریری اسلام آباد میں ہوا جس میں دی بینک آف پنجاب کی جانب سے محترمہ عالیہ ظفر گروپ ہیڈ پیپل اینڈ آرگنائزیشنل ایکسیلینس اور سٹیپ کی جانب سے محمد عاطف شیخ ایگزیکٹوڈائریکٹر سٹیپ نے معاہدے پر دستخط کیے۔اس معاہدے کے بعد سٹیپ دی بینک آف پنجاب کو پاکستان میں موجود مختلف طرز کے خصوصی افراد کیلئے بینکاری کی خصوصی خدمات فراہم کرنے کیلئے تکنیکی مدد فراہم کرے گی۔مزید برآں دونوں اداروں نے خصوصی افراد کیلئے یونیورسل ڈیزائن اور دستیابی، ذمہ دارنہ سہولیات کی فراہمی، اور معاون آلات پر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور غربت کے خاتمے کیلئے حکومت کے ساتھ مل کر ملازمت پیشہ معذور افراد کو اپنے کاروبار اور ضروریات زندگی کو پورا کرنے کیلئے بلا سود قرض فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔